www.daily64news.com ☆ whatsapp.0305.6739105

دبئی، لاہور، اسلام آباد، بہاولپور، ملتان، کراچی میں سب سے زیادہ پڑھا جانیوالا

روزنامہ

64 نیوز ملتان

Online E.paper

چیف ایڈیٹر: حکیم محمد شفیق سدھو

ایڈیٹر، ڈاکٹر محمد یاسر مغل

لیگل ایڈوائزر، محمد، نوید سید

ڈپٹی ایڈیٹر، محمد عقیل جٹ ایڈووکیٹ

(ایڈووکیٹ ہائیکورٹ)

جلد نمبر 1 | جمعرات 09 اپریل 2026ء، 27 چیت، 20 شوال المکرم 1447ء صفحات 6 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر 17

ایران نے جنگ بندی کی بھیک مانگی تو ٹرمپ نے بھی رحم کیا؛ امریکی وزیر دفاع

ٹرمپ کا ایران کو اسلحہ فراہم کرنیوالے ملک پر 50 فیصد ٹیرف عائد کرنے کا اعلان

ایرانی حکومت اب منے اور مختلف لوگوں کا ایک گروپ ہے جو مذاکرات کے حامی ہیں جب ان سے ایران کی افزودہ یورینیم حوالے کرنے سے متعلق پوچھا گیا تو انھوں نے جواب دیا کہ امریکا کی ہمیشہ سے یہی شرط رہی ہے کہ ایران کے پاس جوہری ہتھیارنہ ہوں

جنگ بندی ہی حقیقی امن اور ایک حقیقی معاہدے کا موقع فراہم کرتی ہے وزارت دفاع و جنگ فی الحال اپنا کردار ادا کر چکی ہے تاہم وہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تیار ہیں کہ ایران معاہدے کی ہر معقول شرط پر عمل کریں

واشنگٹن (دائس آف ایشیا) ایران کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ بندی کے بعد اعلان کیا ہے کہ ایران کو فوجی اسلحہ فراہم کرنے والے ملک پر 50 فیصد ٹیرف عائد کیا جائے گا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ جو ملک ایران کو فوجی اسلحہ فراہم کرے گا اس پر فوری طور پر ٹیرف عائد ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کوئی اور ملک سے امریکا کو فروخت کی جانے والی تمام اشیا پر فوری طور پر 50 فیصد ٹیرف عائد ہو جائے گا، اس میں کوئی رعایت یا استثنیٰ نہیں ہوگا۔ خیال رہے کہ امریکا نے پاکستان کی ثالثی میں ایران کے خلاف جاری جنگ میں دو ہفتوں کے لیے روکنے کا اعلان کیا ہے اور اس حوالے سے مذاکرات ہوں گے۔ امریکی صدر نے جنگ بندی کے حوالے سے بیان میں کہا تھا کہ یہ فیصلہ پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ساتھ ہونے والی بات چیت کے بعد کیا گیا ہے۔ دوسری جانب امریکی وزیر دفاع و جنگ پیٹ ہیگسیتھ نے پریس کانفرنس میں صدر ٹرمپ کی شرطیں کے پل باندھتے ہوئے جنگ میں حصہ لینے والے فوجی اہلکاروں کو خراج تحسین پیش

باقی صفحہ 3 بقیہ 14

پاکستان کی کامیاب سفارت کاری، امریکا اور ایران کے درمیان 2 ہفتے کی جنگ بندی

شہباز شریف کی امریکا اور ایران کو دعوت

مذاکرات 10 اپریل کو اسلام آباد میں ہونگے

اسلام آباد مذاکرات پائیدار امن کے حصول میں اہم سنگِ میل ثابت ہوں، وزیراعظم

وزیراعظم کی ایرانی صدر کو جنگ بندی پر مبارکباد، پزشکیان کی اسلام آباد مذاکرات میں شرکت کی تصدیق، وزیراعظم نے آبنائے ہرمز کھولنے پر ایرانی قیادت کی تعریف کی اور شکریہ ادا کیا جبکہ ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے لیے بھی اپنی تعظیم کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے وزیراعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا اور ایران امریکا عارضی جنگ بندی کے قیام میں پاکستانی قیادت کی کوششوں کو سراہا

دونوں رہنماؤں کی دوستانہ ماحول میں گفتگو 45 منٹ تک جاری رہی، باہمی رابطے میں رہنے پر اتفاق، ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے وزیراعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا اور ایران امریکا عارضی جنگ بندی کے قیام میں پاکستانی قیادت کی کوششوں کو سراہا، وزیراعظم نے ایرانی قیادت کی دانشمندی اور دوراندیشی کو سراہا

اسلام آباد (دائس آف ایشیا) وزیراعظم شہباز شریف کا ایرانی صدر سے ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے، جس میں اہم امور پر گفتگو کے علاوہ انہوں نے جنگ بندی پر مبارکباد پیش کی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے آج ٹیلیفونک گفتگو کی۔ ذرائع کے مطابق یہ رابطہ خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں ہوا جو تقریباً 45 منٹ سے زائد جاری رہا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم نے ٹیلیفونک رابطے کے دوران ایرانی صدر کو جنگ بندی پر مبارکباد دی جب کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان مذاکرات کے باضابطہ آغاز پر بھی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے ایرانی قیادت کی دانشمندی اور دوراندیشی کو سراہا، جنہوں نے جنگ بندی پر آمادگی ظاہر کی۔ وزیراعظم کی جانب سے گفتگو میں ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے لیے بھی اپنی تعظیم کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے آبنائے ہرمز کھولنے پر ایرانی قیادت کی تعریف کی اور شکریہ ادا کیا جبکہ ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے لیے بھی اپنی تعظیم کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے وزیراعظم کے ساتھ مذاکرات کے حوالے سے بھی بات ہوئی۔ وزیراعظم نے

باقی صفحہ 3 بقیہ 13

خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے اس بات کی تصدیق کی کہ ایران اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات میں

گوجرانوالہ، ملتان، سیالکوٹ میں فری ٹرانسپورٹ پائلٹ منصوبہ منظور

پنجاب بھر میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے 2 ہفتے کی ڈیڈ لائن

ستھرا پنجاب کو قبرستانوں میں صفائی مہم دوبارہ شروع کرنے، پیرا کو ایل پی جی کے نرخ ریگولیٹ کرنے، گلی گلی میں جوہڑ اور تالاب کا سروے کا حکم

غیر محفوظ جوہڑ کی موجودگی ڈی سی ہی کا ناکامی سمجھی جائیگی، ایل پی جی کی فروخت اوگرا کی مقرر کردہ قیمتوں پر ہر صورت یقینی بنائی جائے، وزیراعلیٰ مریم نواز

پاکستان نے 1.43 ارب ڈالر کا قرض بروقت ادا کر دیا

معیشت کی بہتری کے لئے اقدامات جاری ہیں، وزیر خزانہ

تمام ادائیگیاں معمول کے مطابق ، بغیر کسی دباؤ کے مکمل، سرمایہ کاروں کے اعتماد ، زرمبادلہ ذخائر، مالی گنجائش میں اضافہ ہوا

یو اے ای ، یورو بانڈز کی ری ایمنٹ کے انتظامات کر لیے، زرمبادلہ ذخائر کو مستحکم، آئی ایم ایف ہدف کے مطابق برقرار رکھا جائیگا

وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا شکریہ، عباس عراقچی

پاکستان نے خطے میں جنگ کے خاتمے کے لیے مسلسل اور مؤثر کردار ادا کیا، جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں

تہران (دائس آف ایشیا) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا خصوصی شکریہ ادا کیا ہے۔ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ پاکستان نے خطے میں جنگ کے خاتمے کے لیے مسلسل اور مؤثر کردار ادا کیا، جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے۔ باقی صفحہ 8 بقیہ 8

دو ہفتے کی جنگ بندی دو طرفہ ہوگی، ڈونلڈ ٹرمپ

ٹرمپ نے جنگ بندی کو امریکا کی مکمل اور شاندار فتح قرار دے دیا

واشنگٹن (دائس آف ایشیا) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف تکنوفنی کارروائی کو عارضی طور پر روکنے کا اعلان کر دیا ہے، تاہم عالمی سطح پر ایک بڑی پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ صدر ٹرمپ کے مطابق یہ فیصلہ پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ساتھ ہونے والی بات چیت کے بعد کیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ 12

صدر مملکت آصف علی زرداری نے امریکا ایران جنگ بندی کا خیر مقدم کیا ہے

شرپسند عناصر سے ہوشیار رہنے اور پائیدار امن کی راہ اپنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دنیا ایک بڑے سانحے کے بالکل قریب پہنچ چکی تھی

پاکستان نے مسلسل نیک نیتی کے ساتھ کشیدگی میں کمی کے لیے کام کیا، ہم نے یہ خطے اور پوری انسانیت کے وسیع تر مفاد میں کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے خطے اور پوری انسانیت کے وسیع تر مفاد میں کام کیا ۔ پاکستان امن، استحکام اور باہمی احترام کو فروغ کیلئے اقدامات جاری رکھے گا۔ صدر مملکت کا کشیدگی میں کمی اور سفارت کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے اور تعمیری کردار ادا کرنے پر امریکا اور ایران کو خراج تحسین پیش کیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایران اور امریکہ درمیان طے پانے والی جنگ بندی کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ایک بروقت اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام خطے میں زیادہ مستحکم ماحول کے

باقی صفحہ 3 بقیہ 6

وفاقی کابینہ کا اہم اجلاس: فیلڈ مارشل کی کاوشوں کو خراج تحسین، جمعہ کو یوم تشکر منانے کا فیصلہ

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے لیے بھی کابینہ ارکان نے ڈسک بجائے، کابینہ ارکان نے وزیراعظم کو بھی مبارکباد پیش کی

اللہ نے پاکستان کا وقار بلند کر دیا، جنگ بندی کا پہلا مرحلہ کامیابی سے مکمل ہوا، جمعہ کے روز مزید مذاکرات کا اگلا مرحلہ بھی کامیاب ہوگا، وزیراعظم شہباز شریف

عالمی بحران کو ٹالنے میں شہباز شریف، عاصم منیر اور اسحاق ڈار کا اہم کردار ہے، نواز شریف

تینوں کی شاندار سفارتی کوششوں کو دل کی گہرائیوں سے سراہتا ہوں، سربراہ مسلم لیگ ن

لاہور (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف نے ایران امریکا ایران کنگ جنگ بندی میں پاکستان کی بہترین سفارت کاری پر وزیراعظم فیلڈ مارشل اور وزیر خارجہ کو مبارک باد پیش کی ہے۔ ایکس (ٹویٹر) پر جاری پوسٹ میں نواز شریف نے لکھا کہ میں وزیراعظم شہباز شریف، صدر وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی شاندار سفارتی کوششوں کو دل

باقی صفحہ 3 بقیہ 7

آبنائے ہرمز سے جہاز گزرنے کی اجازت تیل مفت یا سستا نہیں ملے گا، عظیم ندیم رپورٹ

تعلقات سے جہاز گزرنے کی اجازت ملی، 8 2 فروری سے پہلے کروڈ آئل کی قیمت کچھ اور جبکہ آج کہی زیادہ ہے

دنیا کی بڑی بڑی میٹیشنیں ڈوب گئیں مگر ملکی حالات قدرے بہتر ، تاجر بجلی بچت کیلئے مارکیٹیں جلد بند کریں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ بنائے ہرمز سے جہاز گزرنے کی وجہ سے تیل مفت ملے گا اور نہ ہی سستا، بنیاد اجلاس میں جمعیت علما اسلام کے رکن مولانا عطا الرحمن کے خطاب کے جواب میں وفاقی وزیر قانون نے کہا 28 فروری سے پہلے کروڈ آئل کی قیمت کچھ اور جبکہ آج کہی زیادہ ہے ، بسایہ ملک سے تعلقات کی وجہ سے جہاز ٹکالے گئے مگر آنا ہے ہر سے جہاز نقطے سے تیل مفت دے سکتے ہیں اور نہ سستا ، جہاز گزرنے کی وجہ سے آج ملک میں تیل دستیاب ہے ، وزیراعظم نے ڈیزل سے لیوی اخراج کیپٹول پر کردی ، آج دنیا میں ڈیزل سب سے زیادہ مہنگا ہے مگر پاکستان میں ڈیزل پر اس وقت کسی

باقی صفحہ 3 بقیہ 5

عمران خان کو مائنس نہیں ہونے دینگے ہر صورت مزاحمت کرنی ہے اچکزئی

سازش کا حصہ نہیں بنیں گے، کسی بھی سیاسی شخصیت کو مائنس کرنے کا تجربہ بربادی کا باعث بنا

پی ٹی آئی کیساتھ اتحاد بانی کے بری ہونے تک، سہیل آفریدی نے جلسے کے اعلان سے قبل رابطہ نہیں کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی نے پی ٹی آئی کو مائنس نہ ہونے دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کسی سازش کا حصہ نہیں بنیں گے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے محمود اچکزئی نے کہا کسی بھی سیاسی شخصیت کو مائنس کرنے کا تجربہ بربادی کا باعث رہا، بانی پی ٹی آئی کو مائنس کرنے کی ہر صورت مذمت اور مزاحمت کرتی ہے، عمران خان کیساتھ تعاون ایسے حالات میں جو اب وہ تکلیف میں ہیں آتے ، اپوزیشن لیڈر نے کہا علامہ ناصر عباس اور

باقی صفحہ 3 بقیہ 4

پاکستان کا پاور سیکٹر موجودہ حالات میں مستحکم، مقامی ایندھن پر انحصار ہے، اویس لغاری

وفاقی وزیر توانائی کا ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ایما ژاچن فان سے ملاقات میں اظہار خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ایما ژاچن فان نے پاور ڈویژن میں وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سے ملاقات کی جس میں بجلی کے شعبے میں جاری اصلاحات اور مستقبل کے تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حالیہ توانائی پیشرفت کے باوجود پاکستان کا پاور سیکٹر موجودہ حالات میں مستحکم رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس استحکام کی بنیاد مقامی وسائل کے بڑھتے ہوئے استعمال پر ہے جن میں متبادل کوئلہ، پن بجلی اور شمسی توانائی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مقامی ایندھن سے بجلی کی پیداوار پر توجہ دے رہی ہے تاکہ بجلی کی قیمتوں کو بڑھنے سے روکا جا سکے۔ ایما ژاچن فان نے حکومت پاکستان کے بروقت اقدامات کو سراہا اور کہا کہ پالیسیوں میں ان اقدامات نے قومی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایشیائی ترقیاتی

باقی صفحہ 3 بقیہ 3

اسلام آباد: وزیر توانائی سردار اویس لغاری سے ایشیائی ترقیاتی بینک کا وفد اہم امور پر تبادلہ خیال کر رہا ہے

معاشی ٹیم کی ٹیکس تجاویز مسترد، منی بجٹ آئے گا، آئی ایم ایف کو ریلیف کیلئے منایا جائے

شہباز شریف

فی الحال کوئی نیا ٹیکس نہ سالانہ بجٹ قبل از وقت پیش ہوگا، تیل کی عالمی منڈی میں نرخوں سے عوام پریشان ، ریلیف اقدامات پر توجہ رکھی جائے، معاشی ٹیم کو ہدایت

پاک ترکیہ برادرانہ تعلقات تیزی سے معاشی شراکت داری کی جانب گامزن، دونوں ممالک انصاف تک رسائی کے حصول کیلئے تجربات سے استفادہ کر سکتے ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) معاشی ٹیم کی ٹیکس تجاویز مسترد، وزیراعظم نے واضح کر دیا منی بجٹ آئیگا نہ سالانہ بجٹ قبل از وقت پیش ہوگا، وزارت خزانہ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کیلئے معاشی ٹیم کی ٹیکس تجاویز مسترد کرتے ہوئے کہا فی الحال کوئی نیا ٹیکس نہیں لگے گا، عوام کو ریلیف دینے کے اقدامات پر توجہ رکھی جائے، معاشی ٹیم جون سے پہلے کسی بھی منی بجٹ لائے ، تیل کی عالمی منڈی میں نرخوں سے عوام پریشان ہیں، مزید ٹیکس نہیں لگے گا، کشیدہ صورتحال میں آئی ایم ایف کو ریلیف کیلئے منایا جائے، معاشی ٹیم آئندہ بجٹ میں ریلیف اقدامات کرے، وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اہم اجلاس میں بجلی کی طویل مدتی منصوبہ بندی بجلی برآمدات کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا، شہباز شریف نے کہا کہ کشیدہ صورتحال کے باعث تیل رسد میں رکاوٹوں کے باوجود

باقی صفحہ 3 بقیہ 2

77 ایئر بھٹو حکومت کا خاتمہ کیا جاتا تو پاکستان بے بسی کی تصویر ہوتا، قمر زمان کائرہ

بھٹو ضیا کے ہاتھوں نہیں بلکہ عالمی سازش کے تحت شہید کئے گئے، ہم آج بھی مفاہمت کی بات کر رہے ہیں

پاکستان بننے سے 70 تک سماج تبدیل کرنے کا خواب ہی نہیں دیکھا گیا، بیمنٹر پی پی کا سیمینار سے خطاب

لاہور (دائس آف ایشیا) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء سابق وفاقی وزیر قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ 77 میں بھٹو حکومت کا خاتمہ نہ ہوتا تو آج پاکستان بے بسی کی تصویر نہ ہوتا، بھٹو ضیا کے ہاتھوں نہیں بلکہ عالمی سازش کے تحت شہید کیے گئے، بھٹو نے سب کو بھگایا کہ عزت و غیرت سے جینا چاہتے ہو تو مجھے ہٹاؤ، ماضی کو کنگال کر کے نیں بھٹو کی راہ پر چلنے کی ضرورت ہے، پاکستان بننے سے 70 تک سماج تبدیل کرنے کا خواب ہی نہیں دیکھا گیا، جن لیڈروں کو خواب ہی نہ آئیں انہیں تعبیریں کیا ملیں گی، آج مضبوط وفاقی نظام ہے جسے بھٹو اور پی پی نے شہید کیا، مضبوط بنایا، یہ ملک کسی آمر کی جاگیر نہیں، اسے عوام کی طاقت کا سرچشمہ بنانا ہوگا، ہم آج بھی مفاہمت کی بات کر رہے ہیں جبکہ بادشاہ ایوان صدر میں بیٹھا ہے، امریکی اور امریکہ دنیا میں مانگتے ہے تاہم ہوں گے لیکن ہم علم، سائنس، ہنر مندی سے اتنا مقابلہ کر سکتے

باقی صفحہ 3 بقیہ 1

اسلام آباد: وزیر پٹرولیم لیڈ پرویز ملک اور برطانوی ہائی کمشنر جین میرٹ محو گفتگو ہیں

چائلڈ آرٹسٹ عینا آصف: فن، عزم اور امید کی کرن

افق محفل میں کبھی کبھی ایسے ستارے طلوع ہوتے ہیں جو کم سالی کے باوجود فطری فن کو وہ رشن کر دینے کی غیر معمولی طاقت رکھتے ہیں۔ عینا آصف، جس کی ہر ادا میں مصاحبِ خیال اور گہرائی تصور موجزن ہے، اپنے

سنر مزاج دانی کا کمال ہے کہ وہ صرف پاکستان کے چائلڈ آرٹسٹ کیوٹی کے لیے مطمئن رہنے والے نہیں ہیں بلکہ ہر کامیاب فنکار کے لیے فخر اور تسکین کا سبب بھی ہے۔ اس کم عمری کے باوجود،

عینا آصف نے اس کمرے اور اس فاصلے کو گھٹنے اور پیش کرنے کی غیر معمولی صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے۔ ابتدائی دنوں میں مشکلات، تربیت کی کمیاں، اور مسلسل مشق کے پہاڑوں کے عزم کی تصدیق کرتے ہیں۔ ہر دار میں انسانی

جذبات کی باریکی، ہر منظر میں کرداری حقیقت پسندی، اور ہر مکالمے میں تلفظ کی فصاحت، اس کی صلاحیت اور لگن کی علامت ہے۔ یہ کم عمر فنکارہ نہ صرف اپنی ادائیگی میں قدرتی مہارت رکھتی ہے بلکہ وہ ہر کردار میں چھپے جذبے کی اور انسانی نفسیات کو اس طرح بیان کرتی ہے کہ دیکھنے والا

محظوظ اور حیران رہ جاتا ہے۔ عینا آصف کی فنکارانہ صلاحیت صرف دیکھنے والوں کی تعریف کا باعث نہیں بلکہ پاکستان کی چائلڈ آرٹسٹ کیوٹی کے لیے ایک بہایت مثال بھی ہے۔ یہ نوجوان ہنرمند، جو ابھی اپنے قدم جمانے کی کوشش کر رہے ہیں، عینا آصف کی محنت اور لگن کو دیکھ کر

چائلڈ آرٹسٹ کے لیے روشن مشعل ہے۔ ہر ادا کاری میں چھپی جزئیات، ہر حرکت میں موجود فہم و شعور، اور ہر منظر میں چھپی حقیقی نفسیات، اس کے عزم اور لگن کی مکاکی کرتی رحتی ہے۔ جو دیکھنے والوں کے تصور کو جھنجھوڑ دینے کے سبب رکھتی ہے۔ یہ اور فنکارہ نہ صرف اپنی کم عمری میں اعلیٰ معیار تو کر کرتی ہے بلکہ ایسا اعلیٰ معیاری نتائج کرے کی صلاحیت رکھتی ہے کہ وہ پاکستان کی فنکارانہ اعلیٰ اور نوجوان آرٹسٹوں کے لیے رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ عینا آصف کی ہر ادا کاری، ہر منظر نگاری اور ہر مکالمہ ایک ایسی داستان ہے جو فنکر و تحسین اور امید کی کرنیں روشن کرتی ہے۔

زمانہ حال کے جنوں میں کبھی کبھار ایسے ہنر کے معرفی ضرور ہوتے ہیں جو اپنی کم عمری اور موصیبت کے باوجود فطری فن کو ایک جاب روشنی عطا کرتے ہیں۔ عینا آصف، جس کی چھوٹی سی عمر میں بھی فن کی گہرائی اور روحانی لطافت کے اثرات نمایاں ہیں، عینا انہی

جذبات کی باریکی، ہر منظر میں کردار کی حقیقت پسندی، اور ہر مکالمے میں تلفظ کی فصاحت، اس کی صلاحیت اور لگن کی علامت ہے۔ یہ کم عمر فنکارہ نہ صرف اپنی ادائیگی میں قدرتی مہارت رکھتی ہے بلکہ وہ ہر کردار میں چھپے جذبے کی اور انسانی نفسیات کو اس طرح بیان کرتی ہے کہ دیکھنے والا

ہر ادا کاری ایک سبق، ہر مکالمہ ایک تحریک، اور ہر منظر نگاری ایک مشعل ہے جو نوجوان فنکاروں کو روشنی کی جانب لے جاتی ہے۔

حقیقت اور لگن اس کے ہر ادا میں چھپی ہوئی ہے، اور یہ حقیقت نوجوان چائلڈ آرٹسٹ کے لیے مشعل راہ ہے۔ اس کی ہر ادا کاری، ہر مکالمہ اور ہر منظر نگاری میں انسانی جذبات، احساسات اور نفسیاتی الجھنوں کو گہرائی نمایاں ہے، جو محض فن کی تعریف نہیں بلکہ انسانی قدروں اور اخلاقی اصولوں کی بھی نمائندگی کرتی ہے۔ کم عمری میں اتنی اعلیٰ مہارت، اور مسلسل محنت کا مظاہرہ کرنا ایک باہمت ہنر ہے۔ عینا آصف نہ صرف اپنے کردار میں خود کو مکمل کرتی ہے بلکہ ہر ادا میں انسانی احساسات کو زندہ کر دیتی ہے۔ یہ کم عمری میں حاصل شدہ مہارت، محنت اور

لیے بھی ایک تحریک ہے۔ نوجوان ہنرمند اس محنت اور لگن کو دیکھ کر یقین کر سکتے ہیں کہ اگر مستقل مزاجی اور خلوص ہو تو کوئی بھی عبد حدود کی جا سکتی ہے۔ اس کی ہر

پاکستان کی ڈرامہ انڈسٹری میں عینا آصف کی موجودگی ایک نئی روح کی مانند ہے۔ وہ نہ صرف فن کی خدمت کر رہی ہے بلکہ ایک ایسے مثبت خیال کو تقدیم کر رہی ہے کہ ہر اعمر کی معصومیت کے باوجود بھی فنکارانہ اعلیٰ معیاری تخلیق دے سکتا ہے۔ اس کی محنت اور لگن کی داستان ہر مخلص فن کے شاگنجن کو متاثر کرتی ہے اور اس کے کام سے یہ پیغام ملتا ہے کہ لگن، جذبہ اور عزم کے بغیر کوئی ہنر مکمل نہیں ہو سکتا۔ عینا آصف کے ہر کردار میں وہی روح اور حقیقت پسندی موجود ہے جو بڑے فنکاروں میں نظر آتی ہے۔ اس کی

ادا کاری ایک سبق، ہر مکالمہ ایک تحریک، اور ہر منظر نگاری ایک مشعل ہے جو نوجوان فنکاروں کو روشنی کی جانب لے

جاتی ہے۔ یہ مضمون عینا آصف کے فنکارانہ سفر، عزم اور محنت کو بیان کرتا ہے۔ یہ بڑھ کر نہ صرف ہر مخلص فن کے حاضرین بلکہ ہر کامیاب فنکار کی تعریف کرتا ہے۔ اس کی موجودگی اور محنت پاکستان کے چائلڈ آرٹسٹ کیوٹی کے لیے امید کی کرن ہے، اور یہ ثابت کرتی ہے کہ کم عمری، معصومیت، اور لگن کے امتزاج سے اعلیٰ فنکارانہ معیار کے تخلیق کام انجام دیے سکتا ہے۔

طوفانی اور موسلا دار بارشوں سے لینڈ سلائیڈنگ کے خدشات میں تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے

نواحی گاؤں رینک خورجا ہزارہ کالونی میں اٹھارہ مزید کانچ نما گھر مرغزے بنوا کر دیا ہے مرغزے کے باعث لینڈ سلائیڈنگ کے خدشات میں تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے بالخصوص حلقہ این اے اٹھارہ کے

بقیہ نمبر 1 ☆☆☆

ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنیوا زلززوم ہاؤس اور ایوان بالا میں بالیکوٹ کے زیر اہتمام تعمیر کردہ مام ڈاقطانیاں منصوبے کو پوشہادت پر کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بالیکوٹ میں "شہید بیمار ہسپتال" کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے ہسپتال کا ہر کمرہ ہمارے بالیکوٹ کے مرحوم ڈاکٹر کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 4 ☆☆☆

سے لیل اوزبیتن سے رابطہ کیا ہے، میں نے بی آئی نے تھا تھا بی آئی کی ٹاسک فورس بنائی ہے، اس میں تمام ادارے شامل ہیں۔ اوزبیتن اتھارٹیز کے تعاون سے پاکستان کا ایک ادارہ ہے، جسے کے حوالے سے اتحاد کے قائمین مشاورت کریں گے

بقیہ نمبر 5 ☆☆☆

وفاقی وزیر داخلہ و قبائلی امور کے وفاقی وزیر محمد علی خان کے بقول پاکستان کی صحت کی صورت حال بہتر ہے، ہم نے ایشیائی ممالک کے لاکھوں مریضوں کو صحت کی دیکھ بھال کی ہے، حکومت کا ہر ہفتے میں ایک دن ڈاکٹر کے ڈیلیور

ٹرمپ کے پاس حکمت عملی نہیں کہ وہ ایران جنگ کو ختم کیسے کریں گے، کاملا ہیرس

واشنگٹن (یو این پی) امریکا کی سابق نائب صدر کاملا ہیرس نے کہا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران میں جنگی جرائم کرنے اور پوری تہذیب مٹانے کی دھمکیاں دے رہے ہیں، کاملا ہیرس نے اپنے بیان میں کہا کہ ٹرمپ یہ دھمکیاں اس لیے دے رہے ہیں کیونکہ اپنی ہی وجہ سے جنگ میں پھنس کر وہ ایران جنگ کو ختم کیسے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کمزور عمل ہے جسے امریکی عوام کی حمایت حاصل نہیں۔

چین، گومن دانگ پارٹی کی چیئرپرسن کی سن یات سین کے مزار پر حاضری

تائپی (یو این پی) چین کی گومن دانگ پارٹی کی چیئرپرسن ژنگ ہوا ون کی قیادت میں ایک وفد نے سن یات سین کے مزار پر حاضری دی، سن یات سین چین کی قومی پارٹی (گومن دانگ لیگ) پر حاضری دینا، گومن دانگ پارٹی کے سربراہان کے لیے چائنیز مین لینڈ کے دورے کے دوران ایک اہم روایت بھی تھی۔ ژنگ کی سال کا وہ دورہ اس لحاظ سے اہم ہے کہ گزشتہ دس سال کے دوران گومن دانگ پارٹی کبھی بھی چیئرمین کا وفد کے ہمراہ چائنیز مین لینڈ کا پہلا دورہ نہ ہوا، یہ وہ چوتھا دورہ ہے جو، جس کے دوران وفد سوء جیانگ سے ہونگ کونگ کا دورہ کرے گا۔

دہشت گردی افغانستان اور پاکستان کے تعلقات کو متاثر کرنے والا بنیادی مسئلہ ہے، چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (یو این پی) چین کی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے معمول کی پریس بریفنگ میں بتایا کہ کم سے سات اپریل تک چین، افغانستان اور پاکستان کے نمائندوں نے آرٹی میں مسلسل ایک ہفتے تک غیر رسمی ملاقاتیں کیں۔ تینوں فریقوں کے وفود میں خارجہ، دفاع اور سکیورٹی سمیت مختلف شعبوں کے نمائندے شامل تھے۔ ملاقاتوں کے دوران جنوبی خیال کے علاقے اور علمی انداز میں ہوا اور ماحول مثبت رہا، جس سے مسائل کے حل، نتائج پر مبنی اور عملی پہلو نظر آنے کی راہ ہموار ہوئی۔ چین نے زور دیا کہ دہشت گردی افغانستان اور پاکستان کے تعلقات کو متاثر کرنے والا بنیادی مسئلہ ہے، چین فریقوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ آرٹی کا ملاقات تعلقی اہمیت کی حامل رہی ہے اور اس حوالے سے آئندہ بھی رابطے اور مکالمے کو جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔

چین کا امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے انتظامات کے اعلان کا خیر مقدم

بیجنگ (یو این پی) چینی وزارت خارجہ کی معمول کی پریس بریفنگ میں ترجمان ماؤ ننگ نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے معاملے سوال کا جواب دیتے ہوئے چین کا موقف بتایا کہ چین کے دونوں ممالک کے بیچ جنگ بندی کا خیر مقدم کرتا ہے، ایران کے درمیان جنگ بندی کے معاملے سوال کا جواب دیتے ہوئے چین کا موقف بتایا کہ۔ بدھ کے روز ماؤ ننگ نے کہا کہ چین متعلقہ فریقوں کی جانب سے جنگ بندی کے انتظام پر اتفاق کے اعلان کا خیر مقدم کرتا ہے اور پاکستان سمیت دیگر ممالک کی جانب سے کی جانے والی جاتی کی کوششوں کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چین ہمیشہ سے فوری جنگ بندی کا حامی رہا ہے، اور اختلافات کو سیاسی و سفارتی ذرائع سے حل کرنے پر زور دیتا ہے، تاکہ بالآخر شرق وسطیٰ اور خلیجی علاقے میں دیرپا امن و استحکام قائم کیا جا سکے۔ ترجمان کے مطابق اس مقصد کے لیے چین نے اپنی جانب سے بھی مسلسل کوششیں کی ہیں۔ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ڈونلڈ ٹرمپ کی دھمکیاں اور الٹی میٹم عالمی توجہ کا مرکز

واشنگٹن (یو این پی) گزشتہ دو ہفتوں کے دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دھمکیوں اور الٹی میٹم کے عالمی میڈیا سمیت سوشل میڈیا پر زبان زد رہا، عالمی حلقوں کا کہنا ہے کہ ٹرمپ کی دھمکیوں اور الٹی میٹم کے بعد ایران کے سیاسی، عسکری اور انسانی اشارہ ملے ہیں۔ اس بحران نے صرف علاقائی طاقتوں کے مفادات کو نہیں جھنجھوڑا بلکہ اس نے پاکستان جیسے حساس، اہم اور غیر فالی ملک پر نہایت اہم ملک کے سیاسی، عسکری، سفارتی اور توقعی اعصاب کا بھی امتحان لیا۔ اس پورے معرکے میں پاکستان نے جس تدبر کا مظاہرہ کیا، وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ قوم اپنی زندہ ہے، اور اپنے زندہ ہونے، اس کی سیاست زندہ ہے، اور سب سے بڑھ کر اس کے اندر قومی غیرت، اجتماعی شعور اور ریاستی بقا کا احساس آج بھی موجود ہے۔

میں بحیثیت ایک سیاسی کارکن، جس نے پاکستان پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم سے سیاست کو نہ صرف قریب سے دیکھا بلکہ اس کے مختلف ادوار، اتار چڑھاؤ، قربانیوں، مزاحمتوں اور قومی بحرانوں کو اپنی آنکھوں سے محسوس کیا، یہ بات پورے یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ سیاسی اختلافات، نظریاتی تقسیم، پارلیمانی تنقید، حکومت اور اپوزیشن کی کھینچا تانی، یہ سب جمہوریت کا حصہ ہیں۔ یہ سب اپنی جگہ درست ہیں، بلکہ جمہوریت کی خوبصورتی کا حصہ ہیں۔ مگر جب سوال پاکستان کے وجود، سلامتی، خودمختاری، داخلی استحکام اور خطے کی امن کا ہو، تو پھر ہم سارے اختلافات پس منظر میں چلے جاتے ہیں اور قومیں ایک بڑے مقصد کے تحت اکٹھا ہو جاتی ہیں۔ یہی وہ لمحہ ہوتا ہے جب اصل کردار سامنے آتے ہیں، اصل تبدیلیں آشکار ہوتی ہیں، اور اصل قیادتیں پہچانی جاتی ہیں۔

ایران اور امریکہ کے درمیان اس خطرناک محاذ آرائی کے دوران، جب پورا خطہ ایک مکمل تباہی کے دہانے پر کھڑا تھا، جب کروڑوں انسانوں کی زندگیاں، ریاستوں کی سلامتی، عالمی تجارت، تیل کی ترسیل، سفارتی توازن اور علاقائی امن سب داؤ پر لگے ہوئے تھے، اس وقت پاکستان کے اندر بھی ایک فطری تشویش موجود تھی۔ پاکستان کے اندر بھی ایک دل ایران کے ساتھ دھڑکتا تھا، قلبی اور برادرانہ رشتوں کی محبت دھڑکتی تھی، جبکہ ریاست پاکستان کی عالمی توازن، سفارتی نزاکت اور قومی مفادات کے تناظر میں نہایت محتاط اور بالغ نظری سے فیصلے کرنا ہوتے ہیں۔ یہی وہ لمحہ تھا جہاں پاکستان کی ریاستی مشینری، سیاسی قیادت اور قومی اداروں نے ایک مشترکہ ذمہ داری کا مظاہرہ کیا۔

اس پورے بحران میں وزیراعظم فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کا کردار بلاشبہ قابل ذکر رہا، جنہوں نے بطور سربراہ ایک ذمہ دار، متوازن اور ریاستی موقف اختیار کیا۔ اسی طرح فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے قومی سلامتی، دفاعی تیاری، علاقائی صورتحال کے باریک بینی سے جائزے اور ریاستی تحفظ کے حوالے سے جس پیشہ ورانہ سنجیدگی اور مستعدی کا مظاہرہ کیا، وہ پاکستان کے دفاعی اداروں کی پختگی کا مظہر تھا، جو تھا جو بظاہر بہت شور کے ساتھ سامنے نہیں آیا، لیکن پس منظر میں نہایت خاموشی، سنجیدگی، حکمت اور سفارتی مہارت کے ساتھ اپنا اثر دکھا رہا، اور وہ کردار صدر کا ساتھ بنا ہے، اصل تبدیلیاں آشکار ہوئی ہیں، اور اصل کردار سامنے آئے ہیں۔

آصف علی زرداری کی پاکستان کی سیاست کا وہ باب ہیں جنہیں تاریخ یاد رکھے گی، ان کی سیاست میں خاموشی ہے، بگڑ وہ خاموشی ہے اور تجربہ، ان کی طبیعت میں تحمل ہے، مگر اس کے اندر ریاستی فہم، بین الاقوامی رابطہ کاری، سیاسی برداشت اور قومی مفاد کی گہری سمجھ موجود ہے۔ ایران اور چین کے ساتھ ان کے ذاتی، سیاسی اور ریاستی روابط کو پوشیدہ نہیں کرتی بلکہ بطور صدر پاکستان، اور بطور ایک تجربہ کار سیاسی رہنما، انہوں نے اس جنگ کے مرحلے میں جو کردار ادا کیا، وہ بلاشبہ پاکستان کے قومی مفاد، خطے کے امن اور سفارتی توازن کے لیے اہمیت کا حامل تھا۔

یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں صرف وزارت خارجہ یا حکومت ہی کی کردار ادا نہیں کرتی بلکہ بعض اوقات ریاست کے اندر موجود وہ سیاسی، بین وہ اعتمادی زنجیریں، وہ غیر رسمی مگر بااثر روابط بھی فیصلہ کن ثابت ہوتے ہیں جو برسوں کی سیاسی سوجھ بوجھ، ذاتی تعلقات اور قومی سوچ کے ذریعے تشکیل پاتے ہیں۔ آصف علی زرداری نے اسی تجربے، اپنی روابط اور اسی سیاسی قیادت اور قومی اداروں کے ایک مشترکہ ذمہ داری کا مظاہرہ کیا۔

اس پورے بحران میں وزیراعظم فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کا کردار بلاشبہ قابل ذکر رہا، جنہوں نے بطور سربراہ ایک ذمہ دار، متوازن اور ریاستی موقف اختیار کیا۔ اسی طرح فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے قومی سلامتی، دفاعی تیاری، علاقائی صورتحال کے باریک بینی سے جائزے اور ریاستی تحفظ کے حوالے سے جس پیشہ ورانہ سنجیدگی اور مستعدی کا مظاہرہ کیا، وہ پاکستان کے دفاعی اداروں کی پختگی کا مظہر تھا، جو تھا جو بظاہر بہت شور کے ساتھ سامنے نہیں آیا، لیکن پس منظر میں نہایت خاموشی، سنجیدگی، حکمت اور سفارتی مہارت کے ساتھ اپنا اثر دکھا رہا، اور وہ کردار صدر کا ساتھ بنا ہے آصف علی زرداری کا تھا۔

آصف علی زرداری کی پاکستان کی سیاست کا وہ باب ہیں جنہیں تاریخ یاد رکھے گی، ان کی سیاست میں خاموشی ہے، بگڑ وہ خاموشی ہے اور تجربہ، ان کی طبیعت میں تحمل ہے، مگر اس کے اندر ریاستی فہم، بین الاقوامی رابطہ کاری، سیاسی برداشت اور قومی مفاد کی گہری سمجھ موجود ہے۔ ایران اور چین کے ساتھ ان کے ذاتی، سیاسی اور ریاستی روابط کو پوشیدہ نہیں کرتی بلکہ بطور صدر پاکستان، اور بطور ایک تجربہ کار سیاسی رہنما، انہوں نے اس جنگ کے مرحلے میں جو کردار ادا کیا، وہ بلاشبہ پاکستان کے قومی مفاد، خطے کے امن اور سفارتی توازن کے لیے اہمیت کا حامل تھا۔

یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں صرف وزارت خارجہ یا حکومت ہی کی کردار ادا نہیں کرتی بلکہ بعض اوقات ریاست کے اندر موجود وہ سیاسی، بین وہ اعتمادی زنجیریں، وہ غیر رسمی مگر بااثر روابط بھی فیصلہ کن ثابت ہوتے ہیں جو برسوں کی سیاسی سوجھ بوجھ، ذاتی تعلقات اور قومی سوچ کے ذریعے تشکیل پاتے ہیں۔ آصف علی زرداری نے اسی تجربے، اپنی روابط اور اسی سیاسی قیادت اور قومی اداروں کے ایک مشترکہ ذمہ داری کا مظاہرہ کیا۔

یہاں پاکستان پیپلز پارٹی کے مجموعی کردار کا ذکر کرنا بھی ناگزیر ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اس وقت اگرچہ وفاقی حکومت میں بطور اتحادی جماعت پارلیمان کے اندر اپنا آئینی، سیاسی اور جمہوری کردار ادا کر رہی ہے، لیکن اس جماعت کی اصل طاقت محض اقتدار میں شرکت نہیں، بلکہ ریاستی معاملات میں اس کی تاریخی سنجیدگی، جمہوری برداشت، قومی بصیرت اور بحرانوں میں توازن پیدا کرنے کی صلاحیت ہے۔ اس بحران کے دوران بھی پاکستان پیپلز پارٹی نے وہی کردار ادا کیا جس کی توقع ایک پختہ، نظریاتی، قومی اور مدبر سیاسی جماعت سے کی جاتی ہے۔ اس نے حکومت کو کمزور کرنے کے بجائے ریاست کو مضبوط کرنے کا راستہ اختیار کیا۔ اس نے اصل اجر اپنے لیے نہیں کمایا بلکہ قومی مفاد کو ترجیح دی۔ اس نے شور شرابے کے بجائے خاموش سفارتی، سیاسی اور پارلیمانی معاونت کو ترجیح دی۔

محترمہ بے نظیر بھٹو نے جمہوریت، عوامی طاقت، مفاہمت، اور ریاستی استحکام کے لیے اپنی جان قربان کی۔ آصف علی زرداری نے سیاسی انتقام، جیلوں، کردار کشی، ہر طرح کے سیاسی دباؤ کے باوجود پاکستان کھپے" کا نعرہ لگا کر اس ملک کی وحدت، جمہوریت اور وفاق کو بچانے کا تاریخی کردار ادا کیا۔ آج جب میں اپنے سابق سیکرٹری پولیٹیکل کو دیکھتا ہوں، تو مجھے بلاول بھٹو زرداری محض ایک جماعت نہیں لگتی، بلکہ ایک سیاسی مکتب فکر، ایک جمہوری جدوجہد کی علامت، ایک نظریاتی مدرسہ، اور ایک قومی شعور کی علامت محسوس ہوتی ہے۔ میں نے اپنی سیاسی زندگی میں بہت سے لیڈر دیکھے ہیں۔ میں نے آمریت کے سامنے جھکے دیکھے، جمہوریت کی کمزور سانسیں بھی سنی ہیں، سیاسی انتقام بھی دیکھا، اور عوامی مزاحمت بھی۔ میں نے ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھ کام کیا، محترمہ بے نظیر بھٹو کے ساتھ سیاسی میدان میں رہنے کا اعزاز حاصل کیا، آصف علی زرداری کے ساتھ کے مختلف ادوار دیکھے، اور آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی کے ایک اہم کردار کا رکن ہوں۔ اس طویل سیاسی سفر نے مجھے اتنے باب سکھائی ہے کہ سیاست اگر محض اقتدار کے لیے جاتے تو وہ جلد بے نقاب ہو جاتی ہے، مگر اگر سیاست جدوجہد، عوام، ریاست اور جمہوری بقا کے لیے کی جائے تو وہ تاریخ میں زندہ رہتی ہے۔

آج پاکستان کے سٹیک کی جگہ بحران نے پاکستان کو ایک بار پھر یہ موقع دیا کہ وہ دنیا کو بتا سکے کہ ہم صرف داخلی اختلافات میں الجھی ہوئی قوم نہیں ہیں، بلکہ جب موقع آتا ہے تو ہم ایک زندہ قوم کی طرح کھڑے ہو جاتے ہیں۔ یہ ملک صرف حکومت کا نہیں، صرف سیاسی کیمپ کا نہیں، صرف فوج کا نہیں، صرف کسی ایک جماعت یا ایک ادارے کا نہیں۔ یہ ملک ہم سب کا ہے۔ اس کے ادارے بھی ہمارے ہیں، اس کی پارلیمان بھی ہماری ہے، اس کی فوج بھی ہماری ہے، اس کی سیاسی جماعتیں بھی ہماری ہیں، اور اس کا مستقبل بھی ہم سب کے اجتماعی فیصلوں، قربانیوں، برداشت اور یکجہتی سے جڑا ہوا ہے۔

ہمارے درمیان نظریاتی اختلافات رہیں گے، رہنے چاہئیں، کیونکہ اختلاف رائے اچھی جان قربان کی جاتی ہے، لیکن قومی بقا کا مقابلہ بھی ہوگا، اور ہر جماعت اپنے پیاپے، مشاورت اور عوامی موقف کا دفاع بھی کرے گی۔ مگر ان تمام سیاسی رگوں کے باوجود آخر ہمارے دل میں پاکستان سب سے اوپر ہے، اگر ریاست کی بقا ہماری سیاسی ترجیح ہے، اگر خطے کے امن میں پاکستان کا کردار ہمیں عزیز ہے، تو پھر یہی ہماری اصل کامیابی ہے۔ یہی قوموں کی پہچان ہے۔

پاکستان پیپلز پارٹی نے اس بحران میں جس خاموشی، متانت، سیاسی بلوغت اور ریاستی شعور کے ساتھ کردار ادا کیا، وہ صرف ایک اس جماعت کی تاریخی روایت کے عین مطابق ہے بلکہ یہ آنے والے وقت کے لیے بھی ایک قیمت مثال ہے۔ شور مچا کر سیاست کرنا آسان ہوتا ہے، مگر خاموشی سے ریاست کو سہارا دینا بڑے دل، بڑے ظرف اور بڑی سوچ کی علامت ہوتا ہے۔ آج اگر پاکستان اس نازک خطے میں نسبتاً متوازن، باوقار اور محفوظ کھڑا ہے، تو اس میں جہاں حکومت، افواج یا سفارتی اداروں کا اہم کردار ہے، وہیں اس سیاسی قوتوں کی خاموش جماعتی مصالحت بھی شامل ہے جنہوں نے قومی مفاد کو اپنی ذاتی مہم پر ترجیح دی۔

میری نظر میں یہی اصل سیاست ہے۔ یہی اصل حب الوطنی ہے۔ اور یہی کامل جمہوری تربیت ہے۔ اور یہی پاکستان پیپلز پارٹی کا تاریخی وصف ہے کہ جب ریاست پر مشکل وقت آتا ہے تو یہ جماعت نعروں سے زیادہ ذمہ داری، اور مخالفت سے زیادہ استحکام کا راستہ اختیار کرتی ہے۔

آج اس نازک عالمی اور علاقائی منظر نامے میں، جب دنیا پھر طاقت کے توازن، جنگی جنون، مفادات کے ٹکراؤ اور تجارتی راستوں کے دوبارہ تعین کی طرف بڑھ رہی ہے، پاکستان کو پہلے سے زیادہ ایک بالغ، متحد، جمہوری اور ریاستی طور پر مستحکم قوم ہونے کی ضرورت ہے۔ ہمیں اپنے اختلافات کو جمہوری حسن میں بدلنا، اپنے قومی اداروں کو کمزور نہیں کرنا، کیونکہ آج ریاست مضبوط ہو تو سیاست بھی محفوظ ہوگی، جمہوریت بھی پھلے گی، اور عوام بھی باوقار رہیں گے۔

میں اور ایک ادنیٰ کارکن کی حیثیت سے آج بھی یہی کہتا ہوں کہ

ملک بھی میرا ہے، ادارے بھی میرے ہیں، سیاست بھی میری ہے، اور پاکستان کا مستقبل بھی ہم سب کی مشترکہ امانت ہے۔

جب خطرہ دروازے پر دستک دے، تو پھر ہم سب کو ایک ہونا ہی پڑتا ہے۔ اور یہی اس قوم کی اصل طاقت ہے، یہی اس قوم کی اصل شناخت ہے، اور یہی اس قوم کے زندہ ہونے کی سب سے بڑی دلیل ہے۔ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆

چین کے خدماتی شعبے کا حجم مسلسل بڑھ رہا ہے، چینی صدر

چینی خصوصیات کے حامل سوشلسٹ نظریات کی رہنمائی پر قائم رہنا چاہیے، شی

بیجنگ (یو این پی) چین کے صدر شی جن پنگ نے خدماتی شعبے کی ترقی کے حوالے سے اہم ہدایات جاری کیں۔ بدھ کے روز چینی میڈیا کے مطابق انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کی 18 ویں قومی کانگریس کے بعد سے چین کے خدماتی شعبے کا حجم مسلسل بڑھا ہے، معیار اور کارکردگی میں مستقل بہتری آئی ہے، اور اس نے معیشت کی ترقی کو مثبت سمت کے عملی ضروریات کی تشکیل اور دوبارہ کے مواقع بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ شی جن پنگ نے زور دیا کہ نئے ترقیاتی مرحلے میں دور کے چینی خصوصیات کے حامل سوشلسٹ نظریات کی رہنمائی پر قائم رہنا چاہیے، نئے ترقیاتی تصورات کو مکمل، درست اور جامع انداز میں نافذ کرنا چاہیے۔ طلب کو بڑھانے، اصلاحات، سائنس و ٹیکنالوجی کے اطلاق اور کھلے تعاون کو خواہاں ہے۔ فریقین کو دوطرفہ آزاد تجارتی معاہدے پر نظرثانی اور اپ گریڈ کو تیز کرنا ہوگا تاکہ مارکٹ کے مواقع کو فریقین کے حق میں بہتر انداز سے بروئے کار لایا جا سکے۔ البائیز نے کہا کہ موجودہ بین الاقوامی صورتحال کے پیش نظر آسٹریلیا اور چین کے تعلقات کی منظم ترقی نہایت اہم ہے۔ آسٹریلیا طویل عرصے سے ون چائنا پالیسی پر مکمل پیرا ہے اور باہمی احترام کے جذبے کے ساتھ اختلافات کو مناسب طریقے سے نمٹانے اور آسٹریلیا چین جامع اسٹریٹیجک شراکت داری کو فروغ دینے کے لیے چین کے ساتھ مل کر کام کرنے کا خواہاں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ دن رواں سال چین میں منعقد ہونے والے ایک سربراہی اجلاس میں شرکت کے منتظر ہیں۔ آسٹریلیا عالمی چیلنجوں سے نمٹنے اور عالمی امن، استحکام اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے چین کے ساتھ تعمیری رابطے اور تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے تیار ہے۔ ☆☆☆☆☆☆☆☆☆

چین اور آسٹریلیا کو دوطرفہ تعلقات کے مثبت رجحان کو مستحکم کرنا چاہیے؛ چینی وزیراعظم

بیجنگ (یو این پی) چینی وزیر اعظم لی چیانگ نے اپنے آسٹریلوی ہم منصب انتھونی البانیز کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کی۔ بدھ کے روز لی چیانگ نے کہا کہ اہم شراکت داروں کے طور پر چین اور آسٹریلیا کو دوطرفہ تعلقات پر تعاون کے مثبت رجحان کو مستحکم کرنا چاہیے۔ چین آسٹریلیا کے ساتھ اول کسر دوطرفہ تعلقات اور وزیر اعظم البانیز کے درمیان گزشتہ سال طے پانے والے اہم اتفاق رائے کو عملی جامہ پہنانے، اعلیٰ سطح کے جلاوں کو برقرار رکھنے، مواصلات اور اہم آبنائی کو مضبوط بنانے، کثیر الجہتی اور آزاد تجارت کو مشترکہ طور پر برقرار رکھنے کے لئے تیار ہے تاکہ خطے اور دنیا کو مزید استحکام فراہم کیا جا سکے۔ لی چیانگ کا کہنا تھا کہ چین آسٹریلیا سے مزید اعلیٰ معیار کی مصنوعات درآمد کرنے، دونوں ممالک کے کاروباری اداروں کے لئے مارکیٹ کے اصولوں پر مبنی تعاون کو آگے بڑھانے اور باہمی فائدے اور جیت کے نتائج کو فروغ دینے کا خواہاں ہے۔

آبنائے تائیوان کے دونوں کناروں کے معاملات دونوں اطراف کے ہم وطنوں کے خاندانی معاملات ہیں، چینی ریاستی کونسل

